صنم نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-2043

تاریخ اجراء: 17 ربیع الاول 1445ھ / 04 اکتوبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بچی کا نام صنم رکھ سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

صنم کے مختلف معانی آتے ہیں: مثلاً بت، مورتی، محبوب و معشوق، پیارا وغیرہ۔ (رابعہ اردو لغت، ص736، مطبوعہ لاھور)

محبوب، پیارا، ان معانی کے اعتبار سے تو یہ نام درست ہے، لیکن بت یا مورتی والے معنیٰ کا اعتبار کیا جائے، تو یہ نام نہیں رکھ سکتے اور عموماً چونکہ اس نام سے اس مفہوم کی طرف بھی ذہن جاتا ہے، لہٰذا یہ نام نہ رکھا جائے۔

نیز بچیوں کا نام رکھنے کے حوالے سے بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، نانیوں، دادیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ اس کی وجہ سے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی شامل حال ہو گی۔

اور ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کیجئے اور درج ذیل لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

#https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net